Urology Care FOUNDATION™

*The Official Foundation of the American Urological Association*

# کیا میرے لئے PSA اسکریننگ درست ہے؟

**کیا آپ کو کوئی علامات (پیشاب کرتے وقت مسائل) کا سامنا ہے؟**

❑ مجھے پیشاب کی علامات (پیشاب کرتے وقت مسائل) کا سامنا ہے۔ اپنی علامات کی نشاندہی اور اسکور کرنے کے لئے صفحے کی پشت ملاحظہ کریں۔

**ہم مشورہ دیتے ہیں کہ آپ نگہداشت صحت فراہم کار سے اپنی علامات کے بارے میں بات کریں۔**

**کیا آپ کو پروسٹیٹ کینسر کی اسکریننگ سے زیادہ فائدہ ہونے کا امکان ہے؟**

❑ میں پروسٹیٹ **کینسر** کی خاندانی تاریخ رکھتا ہوں اور میری عمر **40-69 سال ہے۔** میرے (لاگو ہونیوالے تمام پر دائرہ لگائیں) والد، بھائی، چچا، دادا، بیٹے کو پروسٹیٹ کینسر تھا۔ کس عمر میں خاندانی رکن کا پروسٹیٹ کینسر پایا گیا تھا، اگر معلوم ہو: ______________

❑ میں افریقی **نژاد امریکی** ہوں اور میری عمر **40-69 سال ہے۔**

❑ میری عمر **45-69 سال ہے۔**

❑ میری عمر 70 سال سے زیادہ ہے اور ایک سے زیادہ نسخہ جاتی دوا نہیں لیتا [میری صحت بہترین ہے۔]

**اگر آپ نے مذکورہ بالا خانوں میں سے کسی میں ٹک کا نشان لگایا اور آپ نے پچھلے دو سالوں میں پروسٹیٹ کینسر کا ٹیسٹ نہیں کرایا ہے، تو امریکن یورالوجیکل ایسوسی ایشن سفارش کرتی ہے کہ آپ نگہداشت صحت فراہم کار سے یہ دیکھنے کے لئے بات کریں کہ کیا پروسٹیٹ کینسر کی ٹیسٹنگ آپ کے لئے صحیح ہے۔**

**کیا آپ کو پروسٹیٹ کینسر کی اسکریننگ سے کم فائدہ ہونے کا امکان ہے؟**

اگر آپ نے مذکورہ بالا خانوں میں موجود تمام سوالوں کے جوابات نہیں میں دئیے ہیں، تو امریکن یورالوجیکل ایسوسی ایشن تجویز نہیں کرتا ہے کہ آپ اس وقت معمول کے پروسٹیٹ کینسر کی اسکریننگ کرائیں۔ لیکن پھر بھی آپ اپنے نگہداشت صحت فراہم کار سے پروسٹیٹ کینسر کی اسکریننگ یا کسی بھی دوسرے سوالات یا علامات اگر کوئی ہوں تو ان کے بارے میں بات کر سکتے ہیں۔

**کیا آپ نگہداشت صحت فراہم کار سے بات کرنا چاہیں گے؟**

❑ میں نے نگہداشت صحت فراہم کار سے بات نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ **(آپ نے مکمل کر لیا۔)**

❑ میں نے نگہداشت صحت فراہم کار سے پروسٹیٹ کینسر کی اسکریننگ یا پروسٹیٹ صحت کے دیگر مسائل کے بارے میں بات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

**نگہداشت صحت فراہم کار سے بات کرنے کے بعد آپ نے کیا کرنے کا فیصلہ کیا ہے؟**

نگہداشت صحت فراہم کار سے پروسٹیٹ کینسر اسکریننگ کے خطرات اور فوائد کے بارے میں بات کرنے کے بعد، میں نے فیصلہ کیا ہے کہ:

❑ پروسٹیٹ کینسر کا ٹیسٹ نہیں کراؤں گا۔

❑ پروسٹیٹ کینسر کا ٹیسٹ کراؤں گا۔

**اسکریننگ کے لئے ایک ملاقات طے کرنے یا صحت کے دیگر مسائل کے بارے میں بات کرنے کے لئے:**

**حسب ضرورت جگہ برائے ہسپتال/پریکٹس کی ملاقات رابطے کی معلومات**

**Urology Care** FOUNDATION™

*The Official Foundation of the American Urological Association*

# امریکن یورالوجیکل ایسوسی ایشن (AUA) علامت اسکور

**گذشتہ مہینے میں جب آپ پیشاب کرنے کے لئے باتھ روم گئے ہیں تو کیا آپ نے مندرجہ ذیل میں سے کسی کو نوٹس کیا ہے؟** آپ کے لئے صحیح جواب پر دائرہ لگائیں اور اپنا اسکور دائیں جانب کے کالم میں لکھیں۔ **اگر پہلے سات سوالوں پر آپ کا مجموعی اسکور 8 یا اس سے زیادہ ہے یا اگر آپ کافی پریشان ہیں تو نگہداشت صحت فراہم کار سے بات کریں۔**

| | بالکل نہیں | 5 میں سے 1 سے بھی کم وقت | آدھے سے کم وقت | تقریباً آدھا وقت | آدھے سے زیادہ وقت | تقریباً ہمیشہ | آپ کا اسکور |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **مکمل خالی نہ ہونا** – ایسا محسوس نہیں ہوتا جیسے میں نے اپنے مثانے کو مکمل خالی کر دیا ہے۔ | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | |
| **تعدد** – پیشاب کر لینے کے بعد مجھے دو گھنٹے سے بھی کم وقت کے بعد دوبارہ جانا پڑتا ہے۔ | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | |
| **وقفہ آنا** – پیشاب کرتے ہوئے میں کئی بار رکتا ہوں اور دوبارہ شروع کرتا ہوں۔ | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | |
| **فوری حاجت** – جب مجھے پیشاب کرنا ہو تو انتظار کرنا بہت مشکل ہے۔ | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | |
| **کمزور دھار** – میرے پیشاب کی دھار کمزور ہوتی ہے۔ | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | |
| **زور لگانا** – پیشاب کرنا شروع کرنے کے لئے مجھے دباؤ ڈالنا یا زور لگانا پڑتا ہے۔ | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | |
| | **کوئی نہیں** | **1 مرتبہ** | **2 مرتبہ** | **3 مرتبہ** | **4 مرتبہ** | **5 مرتبہ یا زیادہ** | **آپ کا اسکور** |
| **نوکٹریا/بستر پر پیشاب نکلنا** – میں رات سونے سے لیکر صبح اٹھنے تک رات کو پیشاب کرنے کے لئے اٹھتا رہتا ہوں۔ | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | |

**کل AUA علامت اسکور**
**کل اسکور: 0-7 ہلکی علامات؛ 8-19 معتدل علامات؛ 20-35 شدید علامات**

| **پیشاب کی علامات کی وجہ سے معیار زندگی** | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر آپ کو اپنی باقی زندگی اپنے پیشاب کی اس موجودہ حالت کی طرح کے ساتھ گزارنی پڑ جائے، تو آپ اس بارے میں کیسا محسوس کریں گے؟ | انتہائی خوشی | خوشی | زیادہ تر مطمئن | مخلوط: تقریباً مساوی مطمئن اور غیرمطمئن | زیادہ تر غیرمطمئن | ناخوش | بھیانک |

©2023 Urology Care Foundation. All Rights Reserved.
ProstateCancer-ScreeningAssessmentTool-FS-2023-Urdu